© rasailojaraid.com



# اَسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ

## اپنے رب سے استغفار کرو

خشک سالی ہے، بارش کی ضرورت ہے

**—— اپنے رب سے استغفار کرو**

معیشت کا حال خراب ہے، مال و دولت کی ضرورت ہے

**—— اپنے رب سے استغفار کرو**

آبادی کی قوت کم ہے، افراد کار کی ضرورت ہے

**—— اپنے رب سے استغفار کرو**

زمین کی زرخیزی متاثر ہے، فصلیں نہیں لہلہاتیں، درختوں پر پھل نہیں آتے

**—— اپنے رب سے استغفار کرو**

نہریں نہیں ہیں یا خشک ہیں، پانی نہیں پہنچتا

**—— اپنے رب سے استغفار کرو**

**جب آپ استغفار کریں گے، اپنے گناہوں کی معافی مانگیں گے تو یقیناً اپنے رب سے کچھ حیا کریں گے، اور کچھ گناہ کم کریں گے۔**

پس میں [حضرت نوحؑ] نے کہا: [اے میری قوم کے لوگو!] اپنے رب سے استغفار کرو، بلاشبہہ وہ بہت زیادہ مغفرت قبول کرنے (گناہوں کو بخشنے) والا ہے۔ تمھارے اوپر آسمان سے موسلا دھار بارش برسائے گا، مال و اولاد سے تمھیں فروغ بخشے گا، اور تمھارے لیے باغات پیدا کرے گا اور نہریں جاری کرے گا۔ (نوح ۷۱: ۱۰-۱۲)

(خیر خواہ)

© rasailojaraid.com